مسافرانِ آخرت

● **جناب خالد جاں باز رحمۃ اللہ علیہ:** تحریک آزادی اور مجلس احرارِ اسلام کے معروف رہنما جناب غلام نبی جاں باز رحمۃ اللہ علیہ کے بڑے فرزند جناب خالد جاں باز ۶/ اپریل ۲۰۱۴ء کی شب لاہور میں انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ وہ مجلس احرارِ اسلام شالیمار ٹاؤن لاہور کے جنرل سیکرٹری تھے، مجلس احرارِ اسلام سے وابستگی انھوں نے اپنے والد ماجد مرحوم سے ورثہ میں پائی تھی۔ تمام عمر محنت مزدوری کر کے رزق حلال کمایا اور اپنی اولاد کو دینی تعلیم سے آراستہ کیا۔ خاموش طبع مگر ہنس مکھ تھے۔ صوم وصلوٰۃ کے پابند، اخلاق وسیرت کے پیکر اور نہایت صالح انسان تھے۔ ۷/ اپریل کو اُن کی نمازِ جنازہ مجلس احرارِ اسلام کے مرکزی نائب امیر سید محمد کفیل بخاری نے پڑھائی۔ مبلغ احرار مولانا تنویر الحسن، مولانا محمد سفیان قصوری اور لاہور کے احرار کارکنوں کے علاوہ دینی وسیاسی کارکنوں کی کثیر تعداد نے نمازِ جنازہ میں شرکت کی۔ ممتاز دینی رہنما مولانا قاری منصور احمد اور دیگر علماء نماز جنازہ میں شریک تھے۔ مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے امیر ابنِ امیر شریعت حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری، سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ، سیکرٹری نشر واشاعت میاں محمد اویس اور دیگر رہنماؤں نے مرحوم کے فرزند محمد عمر، بھائی محمد طارق اور خاندان کے تمام پسماندگان سے اظہارِ تعزیت کیا ہے اور مرحوم کی مغفرت کی دعا کی ہے۔

● **حافظ عبدالرحیم نیاز رحمۃ اللہ علیہ:** مجلس احرارِ اسلام ضلع رحیم یار خان کے ناظم اور مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن جناب حافظ عبدالرحیم نیاز ۲۲/ اپریل ۲۰۱۴ء کو رحلت فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرکزی نائب امیر سید محمد کفیل بخاری ملتان سے بھائی جام ریاض احمد اور سعید احمد کے ہمراہ رحیم یار خان پہنچے اور بعد نمازِ مغرب اُن کی نماز جنازہ پڑھائی۔ انھوں نے شرکاءِ جنازہ سے اپنے تعزیتی خطاب میں کہا کہ: ''حافظ عبدالرحیم نیاز چوہان رحمۃ اللہ علیہ مجلس احرارِ اسلام کا قیمتی اثاثہ تھے۔ وہ چالیس برس سے جماعت کے ساتھ وابستہ تھے۔ سیاسی موسموں کے تغیرات اُن کی احرار سے وابستگی کو متزلزل نہ کر سکے۔ وہ دکھ، سکھ اور مشکل وراحت کے ساتھی تھے، جہاں بھی رہے اپنی جماعتی شناخت کے ساتھ رہے۔ اعلیٰ اخلاق اور جماعت کے لیے بے پناہ ایثار کی خوبیوں سے متصف تھے۔ کبھی کسی کو تکلیف نہیں پہنچائی۔ مسلم چوک بائی پاس رحیم یار خان میں مسجد ختمِ نبوّت تعمیر کرائی۔ نمازوں کی امامت بھی کراتے اور اجتماعِ جمعہ سے خطاب بھی کرتے۔ ضلع رحیم یار خان میں مجلس احرارِ اسلام کی بقاواستحکام کا وہ ایک مضبوط ذریعہ تھے، احرار سے اُن کی وفاؤں کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا۔ حق تعالیٰ اُن کی مغفرت فرمائیں۔'' (آمین)۔ حافظ صاحب مرحوم، مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن اور بزرگ احرار کارکن، مولانا فقیر اللہ کے چھوٹے بھائی اور جماعت کے کاموں میں اُن کا دست و بازو تھے۔ قائد احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری، جناب عبداللطیف خالد چیمہ، پروفیسر خالد شبیر احمد، میاں محمد اویس اور مولانا محمد مغیرہ نے حافظ صاحب مرحوم کے فرزند محمد مغیرہ، بھائی مولانا فقیر اللہ، دیگر تمام بھائیوں اور پسماندگان سے اظہارِ تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت کی دعا کی ہے۔

● **ہمشیر مرحومہ میاں محمد اویس:** مجلس احرارِ اسلام کے مرکزی ناظم نشر واشاعت جناب میاں محمد اویس (لاہور) کی پھوپھی زاد ہمشیر ۱۳/ اپریل کو طویل علالت کے بعد لاہور میں انتقال کر گئیں۔ اللہ تعالیٰ اُن کی حسنات قبول فرمائے اور مغفرت فرما کر اعلیٰ علیّین میں جگہ عطاء فرمائے تمام لواحقین کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین)

قارئین سے درخواست ہے کہ ایصالِ ثواب اور دعاءِ مغفرت کا خصوصی اہتمام فرمائیں (ادارہ)